دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا وصولی فیس برائے تشہیر اور شاپ بورڈ کے ٹھیکہ کا نیلام عام عرصہ ایک سال جو کہ 01-07-2026 تا 30-06-2027 تک ہوگا کا نیلام عام مورخہ 09-06-2026 بروز منگل کو بوقت 02:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا میں منعقد ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے بولی مقررہ تاریخ کو نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 10-06-2026 بروز بدھ بوقت 02:00 بجے دن اور سہ بارہ بولی 11-06-2026 بروز جمعرات دن 02:00 بجے ہوگی اور اس بارے میں کوئی علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔ تشہیری فیس درج ذیل منظور شدہ ریٹ سے کی جائے گی۔

Sr No.	Description	Rate P.A.
1	Neon Sign/Plastic, Sign/Panaflex Sign / Trivision Boards	Rs.200/- per Sft
2	Tin Boards without light	Rs.350/- per sft
3	Panaflex Boards with light	Rs.500/- per Sft
4	Shop Sign Boards	Rs.100/- per Sft
5	Shutter Advertisement	Rs.800/- per Shutter
6	Wall Advertisement	Rs.100/- per Sft
7	Panaflex / Cotton Banner	Rs.250/- per banner per day
8	Panaflex / Cotton Steamer / Hangouts	Rs.200/- per Steamer per day

شرائط نیلامی:۔

1۔ نیلامی میں حصہ لینے کے لئے اپنا اصل شناختی کارڈ ہمراہ لانا ہوگا جس کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی کینٹ بورڈ کے نادہندگان نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

2۔ خواہشمند حضرات نیلامی شروع ہونے سے قبل مبلغ -/1,00,000 (ایک لاکھ روپے) بطور کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ٹیکسلا جمع کروا کر نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے اختتام پر بولی کا 1/4 حصہ بطور زر ضمانت موقع پر ہی جمع کروائے گا ورنہ بولی مسترد کر دی جائے گی اور تمام جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔ اس صورت میں بولی کا انعقاد دوبارہ ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی رقم ماہانہ بارہ (12) اقساط میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ (05) تاریخ یا اس سے قبل ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ مقررہ تاریخ تک رقم جمع نہ کرانے کی صورت مبلغ 3000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ قسط بمعہ جرمانہ جمع نہ کرانے کی صورت میں کینٹ بورڈ کی منظوری سے ٹھیکہ کینسل کیا جائے گا اور 1/4 سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا ضبط ہو جائے گی۔

5۔ 1/4 سیکورٹی کو دوران کنٹریکٹ بقایاجات قسط وغیرہ میں کسی صورت ضم نہ کیا جائے گا۔ نیز ماہانہ قسط کیش، پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی صورت میں قابل قبول ہوگی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے خرچ پر بولی کی منظوری کے سات یوم کے اندر اندر دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کے ساتھ سٹامپ پیپر مبلغ 1200 روپے پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

7۔ مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی طور پر مندرجہ بالا منظور شدہ ریٹ سے زائد وصول کرنے کا مجاز نہ ہوگا ایسی کسی شکایت پر ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

8۔ مقررہ میعاد کے اندر اگر ٹھیکیدار تشہیری فیس خواہ کسی بھی وجہ سے وصول نہ کرنے کی صورت میں بقایاجات کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کی ملکیت تصور ہوں گے۔

9۔ عدم ادائیگی کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا اور ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے منسوخ کردیا جائے گا۔

10۔ 20 sft تک کے اپنے نام کے سائن بورڈ فیس سے مستثنٰی ہوں گے۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ کو انکم ٹیکس اور دوسرے ٹیکسز مروجہ قوانین کے تحت ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ ڈیپارٹمنٹ مصالحت کروائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

13۔ ٹھیکہ کی میعاد میں توسیع ہرگز نہیں کی جائے گی۔

14۔ دوران ٹھیکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا انتظامی امور کی بنا پر تشہیری فیس کی وصولی نہ ہو سکی تو اس ضمن میں ٹھیکہ دار تشہیری فیس کوئی بھی رعایت / چھوٹ وغیرہ حاصل کرنے کا حقدار نہ ہوگا۔

15۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ PPRA Rule-33 کے تحت کوئی بھی بولی وجہ بتا کر مسترد کردے۔

16۔ دیگر شرائط وضوابط دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں دفتری اوقات کار کے دوران دیکھی جا سکتی ہیں اور مزید معلومات کے لئے دفتر ہذا کے فون نمبر 051-9315462 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ نیز یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ٹیکسلا چھاؤنی